Urdu | اردو

# پرانی کار صارفین کے حقوق کا بل

کوئی پرانی کار خریدنا آپ کے ذریعہ کیے جانے والا ایک سب سے بڑا مالی التزام ہو سکتا ہے۔ پرانی کار کے ڈیلروں کو لازماً اس پرانی کار سے متعلق صارفین کے حقوق کے بل کو نشر کرنا چاہیے اور فروخت کے کسی معاہدے پر آپ کے ذریعہ دستخط سے **پہلے** ایک نقل آپ کو دینا چاہیے۔ صارفین کے حقوق کا بل آپ کو لازماً اس زبان میں فراہم کیا جانا چاہیے جس میں آپ نے معاہدہ پر بات چیت کی ہے اگر محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) کی ویب سائٹ **nyc.gov/dcwp** پر کوئی ترجمہ شدہ نسخہ دستیاب ہے۔ وقت نکال کر صارفین کے حقوق کے بل کو پڑھیں اور سمجھیں قبل اس کے کہ آپ خود کو اس کے موصول ہونے کی بات پر دستخط کریں۔

## آپ کے حقوق

1. **آپ کو کوئی کار اشتہار میں مذکور قیمت پر خریدنے کا حق حاصل ہے۔**
پرانی کار کے ڈیلروں کے لیے کاروں پر قیمتیں ظاہر کرنا لازمی ہے۔ کسی پرانی کار کا ڈیلر آپ کو کوئی کار ایسی قیمت پر نہیں بیچ سکتا ہے جو کہ اس قیمت سے زیادہ ہو جو کہ اشتہار میں ذکر کی گئی ہے، نرخ نامہ میں مذکور ہے، یا جسے کار پر پوسٹ کیا گیا ہے۔ ڈیلرشپ کار کی قیمت کو بڑھا نہیں سکتی ہے کیوں کہ آپ ڈیلرشپ سے کار فائنانس نہیں کراتے ہیں۔

2. **آپ کے ذریعہ کسی بھی چیز پر دستخط کرنے سے پہلے آپ کو اپنے فائنانس کے معاہدہ کی تفصیلات جاننے کا حق حاصل ہے۔**

3. **آپ پرانی کار کے کسی ڈیلر کے ذریعہ فائنانسنگ (تمویل) یا کسی قرضہ کے انتظامات سے منع کر سکتے ہیں۔**
آپ نقد ادائیگی کر سکتے ہیں یا کسی دیگر قرض دہندہ سے فائنانس کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

4. **آپ کو اپنے فائنانسنگ معاہدے کی اہم شرائط سے متعلق تحریری انکشافات کا حق حاصل ہے۔**
وفاقی قانون اس بات کا متقاضی ہے کہ آپ شرائط کے تحریری انکشافات حاصل کریں، مثال کے طور پر آپ کے سالانہ فیصد کی شرح (annual percentage rate, APR)، وہ مبلغ رقم جس کے فائنانس پر آپ نے اتفاق کیا ہے، اور وہ مجموعی رقم جو فائنانسنگ معاہدے کی شرائط کلی طور پر پوری کرنے کے لیے آپ کو ادا کرنی ہوگی۔

نیو یارک شہر کے قانون کے تحت، ڈیلرشپ کو لازماً آپ کو اس کم ترین APR کی اطلاع دینی چاہیے جس کی پیشکش آپ کو ایک ہی جیسی شرائط، ادائیگیوں کی تعداد، کفالت، اور پیش ادائیگی والے قرضے کے لیے کسی فائنانسنگ کمپنی کے ذریعہ کی گئی ہو۔ ڈیلرشپ کو لازماً کسی ایسی فیس کا بھی انکشاف کرنا چاہیے جو کہ ڈیلر فائنانسنگ کے لیے آپ سے وصول کر رہا ہے۔ یہ انکشافات لازماً اسی زبان میں ہونے چاہئیں جس میں آپ نے معاہدے پر بات چیت کی ہے، بشرطیکہ DCWP نے یہ انکشافات اس زبان میں دستیاب کرائے ہوں۔

5. **آپ کو کسی بھی پرانی کار کے لیے وفاقی تجارتی کمیشن (Federal Trade Commission, FTC) کے خریدار کا گائیڈ اور، جہاں قابل اطلاق ہو وہاں، نیو یارک اسٹیٹ لیمن لاء (New York State Lemon Law) کی ایک تحریری ضمانت کا حق حاصل ہے۔**
خریدار کا گائیڈ آپ کو کار اور ضمانت سے متعلق اہم معلومات فراہم کرتا ہے اور اسے لازماً ہر ایک کار پر پوسٹ کیا جانا چاہیے۔

نیو یارک اسٹیٹ لیمن لاء کے تحت، پرانی کار کے ڈیلروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ پرانی کاروں پر تحریری ضمانتیں فراہم کریں جو کہ بنیادی طور پر شخصی یا گھریلو استعمال کے لیے ہوتی ہیں، جن کی قیمت ‎$1,500‎ سے زیادہ ہو، اور جو 100,000 میل سے کم چلی ہوں۔ یہ ضمانت انجن، ٹرانسمیشن، ڈرائیو ایکسل، بریک، ریڈیئیٹر، اسٹیئرنگ، اور الٹرنیٹر کا احاطہ کرتی ہے۔ "موجودہ حالت" کی شرط پر کوئی کار ہرگز نہ خریدیں۔

خریدنے سے پہلے خریدار کا گائیڈ اور ضمانت دونوں کو دھیان سے پڑھیں۔

6. **آپ اضافی چیزیں (ایڈ-آنز) لینے سے منع کر سکتے ہیں۔**
ڈیلرشپ آپ سے کسی پیش کردہ قیمت پر کار کی خریداری یا فائنانسنگ کی ایک شرط کے طور پر کوئی اضافی چیز خریدنے کا مطالبہ نہیں کر سکتی ہے۔

7. **آپ ہر ایک اضافی چیز کی قیمت تحریری شکل میں حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔**
ڈیلرشپ کے لیے ضروری ہے کہ وہ آپ کو، تحریری شکل میں، ہر ایک اضافی چیز اور/یا خدمت کی الگ الگ قیمت بتائے، جس میں ہر ایک اضافی چیز اور/یا خدمت کے ساتھ یا اس کے بغیر فائنانسنگ کی ماہانہ اور کل قیمت شامل ہے۔

جاری >

**8** **آپ کا یہ حق ہے کہ آپ کو منسوخی کے ایک اختیار کی پیشکش کی جائے۔**
ڈیلروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ آپ کو معاہدے کی منسوخی کے ایک اختیار کی پیشکش کریں، جس میں آپ کو ہفتے کے دو (2) دن کے اندر معاہدے کو منسوخ کرنے کی اجازت ہو۔ یہ اختیار آپ کو معاہدے پر نیز ڈیلرشپ سے الگ فائنانسنگ کے کسی معاہدے پر نظر ثانی کرنے کا وقت دیتا ہے۔ آپ کار تو گھر نہیں لے جا سکیں گے لیکن اگر آپ کار کی کوئی تجارت کر رہے ہیں اور ضروری فیس ادا کر دیتے ہیں تو آپ منسوخی کی مدت میں ٹریڈ-ان کا استعمال کر سکیں گے۔ آپ کو معاہدے کی منسوخی کا اختیار لازماً اسی زبان میں دیا جانا چاہیے جس میں آپ نے معاہدے پر بات چیت کی ہے۔ **nyc.gov/dcwp** پر معاہدے کی منسوخی کے اختیار کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کریں۔

**9** **کریڈٹ کے لیے درخواست دیتے وقت آپ کو امتیازی سلوک سے آزاد ہونے کا حق حاصل ہے۔**
وفاقی قانون کے تحت نسل، رنگ، مذہب، قومی بنیاد، جنس، ازدواجی حیثیت، عمر، یا عوامی امداد کے استعمال کی بنیاد پر کریڈٹ سے متعلق امتیازی سلوک کرنا ناجائز ہے۔

**10** **آپ کو شکایت درج کرانے کا حق حاصل ہے۔**
ترک وطن کی آپ کی حالت سے قطع نظر، آپ کسی پرانی کار کے ڈیلر کے خلاف شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ پرانی کار کے ڈیلروں کے لیے کاروبار کرنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) سے لائسنس حاصل کریں۔ کسی ڈیلرشپ کے لائسنس اور شکایت کے کوائف کی جانچ کی خاطر آپ DCWP تک رسائی کے لیے **311 پر کال** کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یقین ہو کہ کسی پرانی کار کے ڈیلر نے آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی ہے یا اس نے آپ کو بیوقوف بنایا ہے تو **nyc.gov/dcwp** پر ایک شکایت درج کرائیں یا **311** (NYC بیرون 212-NEW-YORK) **پر رابطہ کریں۔**

صارف کے مختصر دستخط یا دستخط

______________________________

NYC Consumer and Worker Protection